نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کماد کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے فصل کو نقصان دہ کیڑوں سے محفوظ رکھیں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 05 اپریل 2023 ( ) بہاریہ کماد کی فی ایکڑ اچھی پیداوار کے حصول کیلئے فصل کو نقصان دہ کیڑوں کے حملہ سے محفوظ رکھیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سیاہ بگ ماہ اپریل اور مئی میں فصل کی بڑھوتری کے شروع میں حملہ آور ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔اس کے بالغ اور بچے پتوں کا رس چوستے ہیں اور متاثرہ فصل کی رنگت زرد ہو جاتی ہے اور پتوں پر گہرے سرخی مائل دھبے بن جاتے ہیں۔سیاہ بگ سے بچاؤ کیلئے فصل کو پانی کی کمی نہ آنے دیں۔اس کے علاوہ دیمک کماد کا ایک نقصان دہ کیڑا ہے۔یہ کیڑا بیج کی آنکھ اور پوریوں کو اندر سے کھا کر کھوکھلا کر دیتا ہے اور مٹی بھر دیتا ہے۔فصل کے اگاؤ کے بعد پودوں کی جڑوں اور زیرِ زمین حصوں کو کھا کر نقصان پہنچاتا ہے۔دیمک کے طبعی انسداد کیلئے گوبر کی گلی سڑی کھاد استعمال کریں، کھیت کو زیادہ دیر تک خشک نہ چھوڑیں اور بروقت آبپاشی کریں۔اسی طرح گھوڑا مکھی کے بچے اور بالغ پتوں کی نچلی سطح سے رس چوستے ہیں ان کے جسم سے نکلنے والے مواد کی وجہ سے پتوں کی سطح پر کالے رنگ کی پھپھوندی لگ جاتی ہے جس سے پتوں میں خوراک بنانے کا عمل رک جاتا ہے۔گھوڑا مکھی کے دو طفیلی کیڑے بہت اہم ہیں ایک انڈوں کا اور دوسرا بچوں اور بالغ کا ہے جو بہت موثر انداز میں گھوڑا مکھی کو ختم کرتے ہیں۔ایسے کھیتوں میں جہاں طفیلی کیڑا وافر مقدار میں موجود ہو طفیلی کیڑے کے انڈے اور کویوں والے پتے 6 انچ لمبائی میں کاٹ لیں اور گھوڑا مکھی کے متاثرہ کھیتوں میں جہاں طفیلی کیڑا نہ ہو ٹانک دیں۔کماد کی سفید مکھی کے بچے پتوں سے رس چوس کر نقصان پہنچاتے ہیں۔زیادہ حملہ کی صورت میں پتے پیلے ہو کر خشک ہو جاتے ہیں اور پودوں کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔حملہ تھوڑی جگہ پر ہو تو حملہ شدہ پتوں کو کاٹ کر زمین میں دبا دیں۔گنے کی اونچائی چھ فٹ ہونے سے پہلے دانے دار زہر محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے استعمال کریں۔گنے کی کھوری کو ہرگز نہ جلائیں تاکہ اس میں موجود مفید کیڑے محفوظ رہیں۔کماد کے نقصان رساں کیڑوں کے کیمیائی تدارک کیلئے محکمہ زراعت (توسیع و پیسٹ وارننگ) کے مقامی فیلڈ عملہ کے مشورہ سے مناسب زہریں سپرے کریں۔

☆☆☆☆